Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۳ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۳۴ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	برقراری سلسلہ ملازمت شفیق النبی پروف ریڈر مطبع	۲
(۲)	توسیع مدت ملازمت لفٹنٹ کرنس بینڈ ماسٹر	"
(۳)	معافی وضعات چار آنہ از تنخواہ کانسٹبلان پولیس	۲و۳
(۴)	تاکید نسبت انسداد مرض پلیگ (طاعون)	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۴ مارچ ۱۹۳۳ء

مرتبہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس باستدعائے منظوری قائمی سلسلہ ملازمت مسمی شفیق النبی (پروف ریڈر اسٹیٹ پریس) جو بحکم یکم اکتوبر ۱۹۳۲ء ہوم آفس سے تخفیفاً برخاست ہو کر بحکم ۶ فروری ۱۹۳۳ء صیغہ ٹیلیفون میں ملازم ہوا اور وہاں سے یکم اپریل ۱۹۳۳ء کو پریس میں تبدیل ہوا۔ چار ماہ پانچ یوم ملازمت سے

علیحدہ رہا

حکم

بموجب رپورٹ شفیق النبی پروف ریڈر اسٹیٹ پریس کا سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملیگی۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

منشائی حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۴ مارچ ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۵ مارچ ۱۹۳۳ء

رپورٹ منسلکہ ملاحظہ ہوئی لفٹنٹ گرٹس ہیڈ ماسٹر کی مدت ملازمت ۱۰ اپریل ۱۹۳۳ء کو ختم ہوگی۔ ہیڈ ماسٹر مذکور کی مدت ملازمت ریاست میں دو سال کی توسیع منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع عرضداشت منسلکہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دار الانشاء کو واپس کئے جائیں

۵ مارچ ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۷ مارچ ۱۹۳۳ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ کانسٹبلان پولیس کی تنخواہوں سے موازی چار آنہ ماہانہ بعد تیاری وردی وضعات ہوتی ہے آئندہ سے پرورشاہی چار آنہ ماہوار کی وضعات سے معافی عطا کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بمشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
اور درج گزٹ ہو۔ ۷ مارچ ۱۹۳۳ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۷ مارچ ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

نقشہ جات مبتلا و فوتی مرض طاعون ملاحظہ ہوئے۔

واضح ہوا کہ علاقہ شاہ آباد میں پلیگ شروع ہو گیا ہے اور ایک کیس شہر میں بھی ہوا ہے۔

میڈیکل ڈپارٹمنٹ سے انسداد مرض کے متعلق مناسب تدابیر عمل میں لائی جائیں دوا اور علاج میں کوشش کیجائے۔ میونسپلٹی شہر کو صفائی کی بابت تاکید کیجائے۔ تحصیلدار شاہ آباد دیہات کی صفائی میں کوشش کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ کاغذات متعلقہ تعمیلاً صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے

بمشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
اور درج گزٹ ہو۔

۷ مارچ ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر